یا اللہ

یارسول اللہ ﷺ

شجرہ شریف

چشتیہ | نقشبندیہ | مداریہ | اشرفیہ

دم مدارؒ

بیڑا پار

حق معینؒ
یا معینؒ
حق قطبؒ
یا قطبؒ

حق فریدؒ
یا فریدؒ
حق نظامؒ
یا نظامؒ



بخش دے یارب محمد مصطفیٰ ﷺ کے واسطے — حضرت مولا امام علیؑ باصفا کے واسطے
خواجہ حسن بصریؒ اور حبیب عجمیؒ کے طفیل — رحم فرما بایزید پاکؒ رہنماء کے واسطے
از پئے محبوب سید بدیع الدین قطب المدارؒ — حضرت شیخ سید اجملؒ بہرائچی مقتدا کے واسطے
پیر برحق حضرت شیخ بڈھنؒ بہرائچی شیخ درویش محمدؒ — شیخ عبدالقدوس گنگوہیؒ ، کبریا کے واسطے
شیخ رُکن گنگوہیؒ شیخ عبدالاحدؒ حضرت شیخ احمد فاروق سرہندیؒ — خواجہ معصوم ضیاؒ الاولیاء کے واسطے
زہرہ اہل صفاء عبدالاحد محبوب حقؒ — شہ حنیفؒ راز داں راز خدا کے واسطے
از اپنے خواجہ محمدؒ راز وداں پیر ہُدا — شہ محمد مظہر پارساؒ کے واسطے
از برائے شہ زماں حاجی احمد متقیؒ — خواجہ حاجی حسینؒ دلربا کے واسطے
از برائے حضرت سید امام باعلیؒ — فضل کر مسعود اولیاءؒ کے واسطے
پیشوا و رہنما خواجہ محمد ارشاد علیؒ — رحم فرما ہم پران پارسا کے واسطے
فضل کے ہاتھوں ہم کو میوۂ مقصد کھلا — حاجی محمود الحسنؒ رہنماء کے واسطے
یاالٰہی عشق میں رکھنا مجھے ثابت قدم — پیر و مرشد سید حافظ عزیز الحسن زیدیؒ رہنما کے واسطے
یاالٰہی ہم گنہگاروں پہ فضل اپنا رکھ مُدام — پیر و مرشد بابا سیلانی محبوب الحسن زیدیؒ رہنماء کے واسطے
آخرت میں بندۂ ناچیز کا رکھنا بھرم — پیر سید عبدالغفار شاہ رہنما کے واسطے
یاالٰہی التجا کر لے تو میری قبول — دونوں ہاتھوں کو اُٹھائے دُعا کے واسطے
میں جو ہوں زیر نظر خواجگان مداروی نقشبندی قادری چشتی سہروردی قلندری حیدری — چاہتا ہوں مغفرت آلؑ عباء کے واسطے
دونوں عالم میں رہے سر پر میرے عزت کا تاج — حضرت سید وقار علی شاہ بارضاء کے واسطے
بندہ پروردگارم اُمت احمد نبیؐ — دوست دارم چار یارم تابع اولاد علیؑ
مذہب حنفیہ دارم ملت حضرت خلیلؑ — خاکپائے غوث اعظمؒ زیر سایہ ہر ولی
ان بزرگوں کو شفیع لایا ہوں میں ہو کر ملول — ان کی برکت سے کرم کیجئے یارب میری حاجت قبول

الٰہی بحق محمد رسولؐ — دُعا مجھ گنہگار کی کر قبول

یاالٰہی رحم فرما محمد مصطفیٰ ﷺ کے واسطے — یارسول اللہ ﷺ کرم کیجئے خدا کے واسطے
مشکلیں حل کر مشکلؑ کشاء کے واسطے — کربلا میں روشہیدِ کربلاؑ کے واسطے
سید سجادؑ کے صدقے میں ساجد رکھ مجھے — علم حق دے باقر العلومؑ ہُدا کے واسطے
صدقہ صادقؑ کا صادق الاسلام کہ — بے غضب راضی ہو کاظمؑ اور رضاؑ کے واسطے
بہر معروف وسریؒ معروف دے بیخود سری — زندہ حق میں گن جنیدؒ باصفاء کے واسطے
بہر شبلیؒ شیر حق دنیا کے کتوں سے بچا — ایک کا رکھ عبدالواحدؒ بے ریا کے واسطے
بوالفراحؒ کا صدقہ کر غم کو فرح دے حسنؒ وسعدؒ — بوالحسنؒ اور بوسعیدؒ سعد زا کے واسطے
قادری کر قادری رکھ اور قادریوں میں اُٹھا — قدر عبدالقادرؒ قدرت نما کے واسطے
احسنؒ اللہلہم رزقا درے رزق حسنؒ — بندۂ رازقؒ تا الاصفیاء کے واسطے
نصر ابی صالحؒ کا صدقہ صالح و منصورؒ رکھ — دے حیات دین محیؒ جاں فزا کے واسطے
طور عرفاں وعلو حمد حسنا و بہا — دے علی موسیٰ حسن احمدؒ بہا کے واسطے
بہر ابراہیمؒ مجھ پر نار غم گلزار کر — بھیک دے داتا بھکاری بادشاہ کے واسطے
خانۂ دل کو ضیاء دے نور ایماں کو جمال — شہ ضیاء مولیٰ جمالؒ الاولیاء کے واسطے
دے محمد کیلئے روزی کر احمد کے لئے — خوان فضلؒ اللہ سے حصہ مجھ گدا کے واسطے
دین اور دنیا کے مجھے برکات دے برکات — عشق حق دے عشق انتہا کے واسطے
حُب اہل بیتؑ دے آل محمدؑ کیلئے — کر شہید عشق حمزہؒ پیشوا کے واسطے
دل کو اچھا تن کو سُتھرا جان کو پُرنور کر — اچھے شمس الدینؒ بدرودُ جا کے واسطے
دونوں جہاں میں خادم آل رسولؐ اللہ کر — حضرت آل رسولؐ مقتداء کے واسطے
مجھ گنہگار پر یارب فضل اپنا رکھ مدام — حضرت احمد رضا اور علی حسنؒ عاشق رسول اللہؐ کے واسطے
فضل کے ہاتھوں مجھ کو میواء مقصد کھلا — حاجی محمود الحسن زیدی الوریٰؒ کے واسطے
یاالٰہی عشق میں رکھنا مجھے ثابت قدم — پیر و مرشد حافظ سید عزیز الحسنؒ رہنما کے واسطے
یا الٰہی ان بزرگان معظم کے طفیل — پیر و مرشد بابا سیلانی محبوب الحسن زیدیؒ رہنما کے واسطے
آخرت میں بندۂ ناچیز کا رکھنا بھرم — پیر سید عبدالغفار شاہ رہنما کے واسطے
جان نکلے ذکر میں میری تیرے محبوب کے — حضرت سید وقار علی شاہ بارضاء کے واسطے
یاالٰہی التجا کر لے تو میری قبول — دونوں ہاتھوں کو اُٹھائے دُعا کے واسطے
میں جو ہوں زیر نظر خواجگان مداریہ نقشبندیہ قادریہ چشتیہ سہروردیہ قلندریہ حیدریہ اشرفیہ — چاہتا ہوں مغفرت آلؑ عباء کے واسطے
بندہ پروردگارم اُمت احمد نبیؐ — دوست دارم چار یارم تاب اولاد علیؑ
مذہب حنفی عدارم ملت حضرت خلیلؑ — نظر ثانی غوث اعظمؒ زیر سایہ ہر ولی
ان بزرگوں کو شفیع لایا ہوں میں ہو کر ملول — ان کی برکت سی کجیو یارب میری حاجت قبول

الٰہی بحق محمد رسولؐ — دُعا مجھ گنہگار کی کر قبول

شائع کردہ : خانقاہ مداریہ چشتیہ نظامیہ اسحاق کالونی میرپورخاص سندھ پاکستان

رابطہ نمبر: سجادہ نشین خانقاہ مداریہ سید وقار علی شاہ جعفری +92 312 350 9351